# آپ کے ذاتی کالج بچت اکاؤنٹ میں بچت کی شروعات کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے بچت کے نکات

اپنے بچے کی تعلیمی مستقبل کے لیے بچت کرنا مشکل نہیں ہے! اپنے ہی کالج کے بچت اکاؤنٹ کے ساتھ شروع کرنے کے لئے ان میں سے کچھ نکات اور ٹرکس دیکھیں۔

## نکتہ 1 بچت کا ہدف سیٹ کریں

شروع کرنے کا ایک زبردست طریقہ اس بارے میں ایک ہدف مقرر کرنا ہے کہ آپ ایک باقاعدہ شیڈول پر کتنی بچت کرنا چاہتے ہیں۔ اپنے اہم ترین خرچوں اور بچت کی ترجیحات کی بنیاد پر اس بارے میں سوچیں کہ آپ ہر ہفتے یا مہینے کتنی رقم الگ کرنے کے قابل ہوں گے۔ ان میں کرایہ، کریانہ کی چیزیں، نگہداشت صحت، نقل و حمل، قرضوں کی ادائیگی یا ریٹائرمنٹ کے لیے بچت شامل ہو سکتی ہے۔

کچھ لوگوں کے لیے، ہر ہفتے یا ہر بار تنخواہ ملنے پر رقم علیحدہ کر دینا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ فیصلہ کریں کہ آپ کے خاندان کے لیے کون سی چیز بہترین کام کرتی ہے۔ **یاد رکھیں، ابھی چھوٹے، باقاعدہ ڈِپازٹ کرنے سے آپ کو ایک بہت بڑے عنصر، جو آپ کے پاس ہے، سے فائدہ ملتا ہے: وقت۔**

## نکتہ 2 اپنے ڈِپازٹ کرنے کا بہترین طریقہ منتخب کریں

آپ اپنی بچت کے باقاعدہ ڈِپازٹ کیسے کریں گے؟ آپ کے آجر، آپ کے کالج بچت اکاؤنٹ اور دستیاب ٹیکنالوجی کی بنیاد پر آپ کے پاس کچھ انتخابات موجود ہو سکتے ہیں۔ ذیل میں کچھ ممکنات ہیں:

- **آن لائن ڈِپازٹ:** آن لائن جاکر ہر مہینے، ہر ہفتے یا ادائیگی کے ہر مدت پر اپنے بینک اکاؤنٹ سے اپنے کالج بچت اکاؤنٹ میں پیسے ٹرانسفر کریں۔
- **پے رول کٹوتی:** اپنے آجر سے درخواست کریں کہ وہ ایک رقم مختص کر دیں جو ہر مہینے آپ کی ادائیگی میں سے خود بخود کٹتی رہے اور آپ کے کالج بچت اکاؤنٹ میں براہ راست ڈِپازٹ ہوتی رہے۔
- **آپ کے بینک اکاؤنٹ سے خودکار ٹرانسفر:** اپنے بینک سے پوچھیں کہ کیا آپ اپنے اکاؤنٹ میں رقم مختص کر سکتے ہیں، جو ہر مہینے، ہر ہفتے یا ادائیگی کے ہر وقت پر آپ کے اکاؤنٹ سے نکل کر آپ کے کالج بچت اکاؤنٹ میں چلی جائے۔
- **بذریعہ میل چیک یا منی آرڈر یا بذات خوت ڈِپازٹ:** چیک لکھ کر ہر مہینے، ہفتے یا ادائیگی کے وقت پر اسے اپنے کالج بچت اکاؤنٹ کو بذریعہ ڈاک بھیج دیں — یا اسے براہ راست پہنچا دیں۔ (ذاتی طور پر ڈِپازٹ صرف کسی بینک میں کھولے گئے کالج بجت اکاؤنٹ کے لیے دستیاب ہیں۔)
- **ذاتی طور پر نقد ڈِپازٹ:** اپنے کالج بچت اکاؤنٹ میں رقم ڈِپازٹ کرنے کے لیے نقد رقم چھوڑ جائیں۔ (یہ صرف کسی بینک میں کھولے گئے کالج بچت اکاؤنٹ کے لیے دستیاب ہے۔)

*اگلے صفحہ پر جاری ہے ←*

# آپ کے ذاتی اکاؤنٹ میں بجت کی شروعات کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے بچت کے نکات

## نکتہ 3 NYC Kids RISE بچت میچ کا فائدہ اٹھائیں

جب آپ کا بچہ پہلی جماعت میں داخل ہوتا ہے اس وقت سے شروع ہوتا ہے، NYC Kids RISE آپ کے ذریعہ آپ کے مربوط شدہ کالج بچت اکاؤنٹ میں آپ کا ڈِپازٹ کردہ اگلے $100 کو میچ کرے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ جب آپ اپنے منسلک کالج بچت اکاؤنٹ میں ڈِپازٹ کرتے ہیں، تو NYC Kids RISE کچھ دنوں میں آپ کے بچے کے NYC Scholarship Account (نیویارک اسکالرشپ اکاؤنٹ) میں اتنی ہی رقم ڈِپازٹ کرے گا۔ Savings Match (بچت میچ) کے اہل ہونے کے لئے آپ کو Save for College Program (کالج کے لئے بچت پروگرام) کے تینوں بلڈنگ بلاکس کو مکمل کرنا ہوگا۔ ہر بچہ Savings Match (بچت میچ) کے انعامات میں $100 تک کما سکتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے، [nyckidsrise.org/match](nyckidsrise.org/match) ملاحظہ کریں۔

## نکتہ 4 دوستوں اور خاندان کو بتائیں کہ کالج کے لیے بچت ایک ترجیح ہے

آپ کو یہ صرف اکیلے ہی نہیں کرنا ہے۔ اگر کوئی ایسے دادا/دادی، نانا/نانی، ممانی، ماموں، کزن، رضاعی والدین یا دوست ہیں، جو آپ کو بچت کرنے میں مدد کرنا چاہتے ہیں، تو وہ بھی آپ کے بچے کے کالج بچت اکاؤنٹ میں حصہ ڈال سکتے ہیں۔ وہ کسی سالگرہ، چھٹی پر یا کسی بھی وقت ڈِپازٹ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ 529 اکاؤنٹ کھولنے کا انتخاب کرتے ہیں تو، Ugift® ان کے لئے براہ راست آپ کے بچے کے کالج بچت اکاؤنٹ میں ڈِپازٹ کرنا آسان بنا دیتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، *دوست اور اہل خانہ بچت کرنے میں آپ کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔* دیکھیں۔

## نکتہ 5 کسی مفت پیشہ ورانہ معاشی مشیر کے ساتھ بات کریں

منصوبہ بنانے اور اس پر عمل کرنے کے لیے بالمشافہ معاونت کے لیے، نیویارک شہر مرکز برائے مالیاتی اختیار (NYC Financial Empowerment Center) پر مفت اور رازدارانہ معاشی مشاورت کے لیے سائن اپ کریں۔ شہر بھر میں 20 سے زیادہ مالیاتی اختیار دہی کے مراکز ہیں جنہیں آپ بذات خود یا آن لائن دیکھ سکتے ہیں۔ ملاقات کا ایک وقت مختص کرانے کے لئے، 311 پر کال کریں یا **[nyc.gov/dca](nyc.gov/dca)** ملاحظہ کریں۔

## نکتہ 6 ٹیکس کے وقت کا فائدہ اٹھائیں

کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ اپنے ٹیکس ریفنڈ کا کچھ حصہ اپنے کالج کے بچت اکاؤنٹ میں تقسیم کرسکتے ہیں؟ ٹیکس کا وقت آپ کے ریفنڈ کا ایک حصہ طویل مدتی اہداف جیسے کالج کی بچت کے لئے مختص کرنے کا بہترین وقت ہے۔ اگر آپ ایک خاص آمدنی کے تحت کماتے ہیں تو آپ ٹیکس کی تیاری کی مفت خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے، 311 پر کال کریں:

*NYC Kids RISE کالج کے لئے بچت پروگرام اسکالرشپ اور بچت کا ایک پروگرام ہے جس کو NYC Kids RISE Inc جو ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے NYC محکمۂ تعلیم (Department of Education) اور سٹی آف نیو یارککی شراکت سے منتظم کرتی ہے۔ NYC Kids RISE نیویارک کے 529 کالج بچت پروگرام (529 College Savings Program) سے نہ ہی منسلک ہے اور نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کنندہ ہےاور سرمایہ کاریوں کی سفارش کرتا او نہ ہی سرمایہ کاری کا مشورہ دیتا ہے۔ نیو یارک شہر اور NYC محکمۂ تعلیم NY 529 پروگرام منیجراور کالج کے لیے کسی بھی مخصوص بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے ذرائع، بشمول جن کے بارے میں خاندانوں کو کالج کے لئے بچت پروگرام کے ذریعے پتہ چلے، کے بارے میں کوئی تصدیق یا سفارش نہیںکرتے اور نہ ہی وہ ان کے قابو، ملکیت یا الحاق میں ہیں۔*